# 1B
# دیگر زبانوں یا فارمیٹس میں صحت کی معلومات

**موٹر نیورون کے مرض (MND) یا کینیڈی کے مرض کے شکار یا اس سے متاثرہ لوگوں کے لیے معلومات**

اگر آپ کی پہلی زبان انگریزی نہیں یا آپ بصری کمزوری کا شکار ہیں، تو موٹر نیورون کے مرض یا کینیڈی کے مرض اور دستیاب معاونت کی اقسام کے بارے میں معلومات تک رسائی حاصل کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ یہ معلوماتی شیٹ اس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ دیگر زبانوں یا متبادل فارمیٹس جیسے کہ بریل، بڑے پرنٹ یا آڈیو میں معلومات کیسے حاصل کی جائیں۔ یہ معلوماتی شیٹ مختلف زبانوں میں دستیاب ہے اور اس کے مواد میں درج ذیل شامل ہے:

1. **میں دیگر زبانوں میں معلومات کیسے حاصل کروں؟**
2. **کیا میں دیگر فارمیٹس میں معلومات حاصل کر سکتا ہوں؟**
3. **دیگر کون سی چیزیں میری مدد کر سکتی ہیں؟**
4. **مجھے مزید معلومات کیسے ملیں گی؟**

یہ اصل معلومات کا ترجمہ شدہ ورژن ہے۔ MND ایسوسی ایشن ترجمے کی معتبر سروسز کا استعمال کرتی ہے، لیکن ترجمے میں ہونے والی کسی قسم کی غلطیوں کی ذمہ داری نہیں لے سکتی۔

علاج اور نگہداشت سے متعلق کوئی بھی فیصلے کرتے وقت ہمیشہ اپنی صحت اور سماجی نگہداشت کی ٹیم سے مشورہ طلب کریں۔ وہ اپائنٹمنٹس کے دوران مدد کے لیے، مترجم فراہم کرنے کا بندوبست کر سکتے ہیں۔

مزید معلومات کا ترجمہ ممکن ہے، لیکن یہ سہولت محدود پیمانے پر دستیاب ہے۔ تفصیلات کے لیے ہماری ہیلپ لائن MND کنیکٹ (MND Connect) سے رابطہ کریں:
ٹیلیفون: **0808 802 6262**
ای میل: **mndconnect@mndassociation.org**

یہ علامت ان افراد کے اقتباسات کو ظاہر کرتی ہے جو MND یا کینیڈی کی بیماری کا خود شکار ہیں یا اس کے سبب متاثر ہیں۔

یہ علامت آپ کو مزید معلومات حاصل کرنے میں مدد دینے کے لیے، ہمارے معلوماتی وسائل کی نشاندہی کرتی ہے۔ سیکشن 4 **مجھے مزید معلومات کیسے ملیں گی؟** کے ذریعے پرنٹ شدہ کاپیاں ڈاؤن لوڈ کرنے یا آرڈر کرنے کا طریقہ معلوم کریں

## 1. میں دیگر زبانوں میں معلومات کیسے حاصل کروں؟

### MND ایسوسی ایشن کی جانب سے

اگر آپ ہم سے رابطہ کرتے ہیں، تو ہماری سروسز کو بتائیں کہ کیا آپ کو کسی مخصوص طریقے یا کسی دوسری زبان میں فراہم کردہ مدد درکار ہے۔ اگر ہم آپ کی زبان نہیں بولتے ہیں، تو ابتداء میں آپ کو مدد کے لیے کسی ایسے شخص کی ضرورت ہو سکتی ہے جو انگریزی زبان بولتا ہو۔ اگر وہ ہماری MND کنیکٹ ہیلپ لائن سے رابطہ کریں، تو وہ ہماری ٹیم کو آپ کی ضروریات سمجھنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

**MND کنیکٹ**
ٹیلیفون: 0808 802 6262
ای میل: mndconnect@mndassociation.org

تاہم، بعدازاں ہماری ہیلپ لائن ٹیم ایک مترجم کے ساتھ ایک ٹیلیفون کال کا انتظام کر سکتی ہے، جو کہ آپ کے لیے ترجمہ کر سکتا ہے۔ آپ ہماری مراعت کی مشاورتی سروس سے مواصلت کے لیے بھی اس معاونت کی درخواست کر سکتے ہیں۔

ہم صحت یا سماجی نگہداشت کی اپائنٹمنٹس کے لیے یا آپ کے اور کسی بیرونی فرد کے درمیان کالز کے لیے ٹیلیفونک ترجمان فراہم نہیں کر سکتے۔

تاہم، اگر آپ کو ترجمان یا مترجم تک بذریعہ صحت اور سماجی نگہداشت کی خدمت، رسائی پانے میں مشکلات کا سامنا ہو رہا ہو تو ہماری ہیلپ لائن ٹیم ممکنہ طور پر مدد کر سکتی ہے۔ وہ آپ کی طرف سے سروس سے رابطہ کر کے وجہ جان سکتے ہیں اور حل تلاش کر سکتے ہیں۔

**"آپ کی معلومات سے مجھے علاج کی بابت ڈاکٹرز اور نرسز کے ساتھ تبادلۂ خیال کرنے، حتیٰ کہ انہیں چیلنج کرنے میں بھی مدد ملی۔"**

ہم مختلف زبانوں میں تعارفی وسائل پیش کرتے ہیں۔ اس میں ان اہم طبی فیصلوں کے بارے میں معلوماتی شیٹس شامل ہیں کہ جن پر آپ کو غور کرنا پڑ سکتا ہے۔

ہماری ترجمہ شدہ اشاعتیں یہاں سے ڈاؤن لوڈ کریں: **mndassociation.org/languages** یا پرنٹ کی شکل میں انہیں MND کنیکٹ سے آرڈر کریں۔ براہ کرم نوٹ کریں، ہم ترجمے کی معتبر سروسز کا استعمال کرتے ہیں، لیکن ترجمے میں کسی طرح کی غلطیوں کی ذمہ داری نہیں لے سکتے۔

اگر آپ کو کوئی بھی آئٹمز ہماری جانب سے فراہم کردہ زبانوں کے علاوہ کسی دوسری زبان میں درکار ہیں تو MND کنیکٹ کو مطلع کریں۔ ہم کوئی دوسری معلوماتی شیٹ، یا کسی نسبتاً بڑی گائیڈ کے کسی سیکشن کا ترجمہ بھی کر سکتے ہیں، تاکہ آپ علاج یا نگہداشت کی بابت اہم فیصلہ کرنے میں مدد پا سکیں۔

قارئین کو جو کچھ دستیاب ہے وہ تلاش کرنے میں مدد دینے کے لیے ہمارے ترجمہ شدہ وسائل بلحاظِ زبان فہرست کردہ ہیں۔ ترجمے کی خدمت کیسے کام کرتی ہے اس بات کو ہر زبان میں بیان کیا گیا ہے۔

## صحت اور سماجی نگہداشت کی اپائنٹمنٹس کے موقع پر

علاج اور نگہداشت کی بابت فیصلے کرتے وقت، یہ اہم ہوتا ہے کہ صحت اور سماجی نگہداشت کے ان پیشہ ور ماہرین کے ساتھ اختیارات پر بات کی جائے جو آپ کی معاونت کر رہے ہوں۔ اگر وہ آپ کی زبان نہ بولتے ہوں تو اس ضمن میں مشکل پیش آ سکتی ہے۔ تاہم، نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان کو ایسی معقول تبدیلیاں لانی چاہیئیں کہ جن سے لوگوں کو اس گفت و شنید کو سمجھنے میں مدد مل سکے۔

وہ ممکنہ طور پر اپائنٹمنٹس، بالخصوص طبی اپائنٹمنٹس پر مدد کے لیے مترجم کا بندوبست کر سکتے ہیں۔ بہت سے GP سرجریز اور ہسپتال ترجمانی کی خدمات بطور معیاری طریقہ کار پیش کرتے ہیں، جبکہ دیگر انہیں صرف درخواست پر فراہم کرتے ہیں۔

اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ کی زبان کی ضرورتوں کی وجہ سے آپ کے ڈاکٹر ہمیشہ آپ کے صحت کے مسائل کو نہیں سمجھ پاتے، تو اپنے GP سرجری سے درخواست کریں کہ وہ آپ کی اپائنٹمنٹ پر ایک مترجم کی موجودگی کا انتظام کریں۔ آپ کو ایسا پیشگی کرنا ہو گا، تاکہ انتظامات کیے جا سکیں۔ اگر آپ کے لیے مرد یا خاتون مترجم میں سے کسی خاص ایک کی موجودگی اہمیت رکھتی ہے تو انہیں اس بابت مطلع کریں۔

تربیت یافتہ ترجمانوں کی فراہمی صحت کی خدمات کی قانونی ذمہ داری ہے۔ آپ کو اپنے ہمراہ ایک تائید کنندہ کو رکھنے کا حق بھی حاصل ہے۔ یہ ایسا ایک فرد ہوتا ہے کہ جس پر آپ بھروسہ کرتے ہوں کہ وہ آپ کی ضروریات و خواہشات کی غیر جانبدارانہ مواصلت میں مدد کرے گا۔

تائید کنندہ کوئی بالغ دوست یا خاندان کا کوئی فرد، یا کوئی پیشہ ورانہ تائید کنندہ بھی ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو بول چال میں دشواری کا سامنا ہو یا اگر آپ اپائنٹمنٹس میں بہت زیادہ تھک جاتے ہوں تو یہ مددگار ہو سکتا ہے۔

تائید کنندہ کے کام اور اپنی تشخیص کے بارے میں مواصلت کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے ہمارا کتابچہ ملاحظہ کریں: **لوگوں کو MND کے بارے میں بتانا**۔

اگر آپ کے GP یا ہسپتال کی جانب سے تحریری معلومات دی جائیں تو، انہیں بھی آپ کی پہلی زبان میں طلب کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ انگلینڈ، ویلز یا اسکاٹ لینڈ میں سماجی نگہداشت کی جانچ کروا رہے ہوں، تو اپنے مقامی حکام سے ترجمان کے بارے میں پوچھیں۔

شمالی آئرلینڈ میں اپنے مقامی صحت اور سماجی نگہداشت کے ٹرسٹ سے پوچھیں۔ زیادہ تر کیسز میں وہ آپ کی زبان میں مدد کے لیے انتظامات کرنے کی کوشش کریں گے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ آپ کی جانچ منصفانہ ہو اور آپ کی ضروریات کو پورا کرتی ہو۔

### دیگر تنظیموں اور ویب سائٹس سے

بعض اوقات ویب سائٹ پر خودکار ترجموں سے مدد ملتی ہے، تاہم ممکن ہے کہ وہ بالکل درست نہ ہوں اور گمراہ کُن ہوں۔ کچھ تنظیمیں متعدد زبانوں میں معلومات فراہم کرتی ہیں۔ ان کی ویب سائٹ دیکھیں یا کسی سے کہیں کہ آپ کے لیے کسی تنظیم سے رابطہ کریں۔

## 2. کیا میں دیگر فارمیٹس میں معلومات حاصل کر سکتا ہوں؟

### MND ایسوسی ایشن کی جانب سے

ہماری معلومات اور دستیاب فارمیٹس کے بارے میں رہنمائی حاصل کے لیے ہماری ہیلپ لائن، MND کنیکٹ سے رابطہ کریں۔ وہ درج ذیل تک رسائی میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں:

#### بریل

ہمارے ترجمہ شدہ وسائل کی طرح ہی، آپ بریل میں بھی ہماری معلوماتی شیٹس یا گائیڈز کے سیکشنز کی نقول طلب کر سکتے ہیں۔ براہِ کرم نوٹ کریں، ہم معتبر بریل سروسز استعمال کرتے ہیں، مگر ان کی تخلیق میں کسی قسم کی غلطیوں کی ذمہ داری نہیں لے سکتے۔

#### بڑا پرنٹ

ہمارے چھوٹے کارڈز اور مختصر کتابچوں کے علاوہ، ہماری تمام معلومات میں کم از کم pt12 فونٹ استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر آپ ہماری ویب سائٹ پر موجود وسائل تک رسائی حاصل کرتے ہیں، تو آپ متن کو دیکھنے کا سائز بڑھا سکتے ہیں۔

درج ذیل آئٹمز بڑے پرنٹ (16pt یا اس سے زیادہ) میں تخلیق شدہ ہیں:

— **موٹر نیورون کے مرض (MND) کا ایک تعارف**

— **موٹر نیورون کے مرض (MND) کی ایک عام فہم گائیڈ**

#### آڈیو

ہم انگریزی میں آڈیو فارمیٹ میں تعارفی معلومات کی پیشکش کرتے ہیں۔ آپ Soundcloud پر ان وسائل تک رسائی یہاں سے حاصل کر سکتے ہیں: **soundcloud.com/mndassoc/mnd-audiobook**

#### اینیمیشنز

MND، کینیڈی کے مرض اور صحت و سماجی نگہداشت کے بارے میں ہماری اینیمیشنز کو قابلِ رسائی بنانے کے لیے تصاویر، وائس اوور اور سب ٹائٹلز کا مجموعہ استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ مختصر مواد دوسروں کے ساتھ شیئر کرنا بھی آسان ہے، کیونکہ یہ سادہ سے مجموعی جائزوں کی صورت میں پیش کیا جاتا ہے۔

ہماری اینیمیشن رینج یہاں پر دیکھیں: **mndassociation.org/animations**

### صحت اور سماجی نگہداشت کی اپائنٹمنٹس کے موقع پر

GP سرجریز، صحت کی خدمات کی جانب سے یا سماجی نگہداشت کی جانچوں پر تخلیق کردہ معلومات بھی بریل، بڑے پرنٹ یا دیگر فارمیٹس میں دستیاب ہو سکتی ہیں۔

**"یہ جاننا بہت مددگار ثابت ہوا ہے کہ ترجمے کی خدمات دستیاب ہونی چاہیئیں اور یہ کہ معلومات پڑھنے میں کسی زیادہ آسان فارمیٹ میں فراہم کی جا سکتی ہیں۔"**

اگر آپ کو کوئی ایسی معذوری ہو کہ جس کی وجہ سے آپ کا رہنمائی پڑھنا اور اسے استعمال کرنا مشکل ہو تو اپنی ضروریات کی وضاحت کریں۔

صحت اور سماجی نگہداشت کی خدمات پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ان کی طرف سے پیش کردہ فیصلہ سازی سے متعلق معلومات تک رسائی حاصل کر سکیں اور انہیں سمجھ سکیں۔ درج ذیل وسائل اس حوالے سے انگریزی میں تفصیلات فراہم کرتے ہیں کہ یہ نگہداشت کا فریضہ کس ضابطے کے تحت کام کرتا ہے:

### انگلینڈ کے لیے

قابلِ رسائی معلومات کے معیار (Accessible Information Standard) یہاں دیکھیں:

**england.nhs.uk/ourwork/accessibleinfo**

### ویلز کے لیے

سرچ کریں: Sensory loss communication needs (Accessible Information Standard) (حسی ضروریات سے متعلق مواصلاتی ضروریات (قابلِ رسائی معلومات کے معیار)): **gov.wales/health-social-care** انگریزی اور ویلش دونوں زبانوں میں دستیاب ہے۔

### شمالی آئر لینڈ کے لیے

سرچ کریں: Making communication accessible (مواصلات کو قابلِ رسائی بنانا): **online.hscni.net**

### اسکاٹ لینڈ کے لیے

پبلیکیشنز سرچ فیلڈ کا استعمال کرتے ہوئے، یہاں سرچ کریں: Accessible information policy (قابل رسائی معلومات کی پالیسی): **publichealthscotland.scot/publications**

## 3. دیگر کون سی چیزیں میری مدد کر سکتی ہیں؟

### بول چال اور مواصلت کی جانچ

MND سے بول چال اور مواصلت متاثر ہو سکتی ہے، جس سے بات کرنا یا اشارے اور چہرے کے تاثرات استعمال کرنا مزید مشکل ہو سکتا ہے۔ کینیڈی کے مرض سے بھی آپ کے بات کرنے کا طریقہ متاثر ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کو مسائل کا سامنا ہونے لگے، تو اپنے ڈاکٹر سے کہیں کہ آپ کو جانچ کے لیے بول چال اور زبان کے تھیراپسٹ کے پاس ریفر کرے۔

وہ آپ کو تھیراپی اور مواصلتی معاونتی ذرائع کے بارے میں مشورہ دے سکتے ہیں، جو تصویر اور ٹیکسٹ بورڈز جیسی سادہ چیزوں سے لے کر کمپیوٹر سافٹ ویئر کی شکل میں مزید تفصیلی مدد تک، پر مشتمل ہو سکتے ہیں۔

آپ وائس بینکنگ اور میسج بینکنگ کے بارے میں بھی رہنمائی حاصل کرنے کی خواہش کر سکتے ہیں، تاکہ آپ اپنی ریکارڈ شدہ آواز کو کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے جملے بولنے کے لیے استعمال کر سکیں۔

**"مجھے یہ حیرت انگیز لگا کہ ان کے پاس ایسی ٹیکنالوجی موجود ہے جو انہیں اپنی ہی آواز میں بات کرنے کے قابل بناتی ہے، اور میرے والد کو جس طرح میں جانتی ہوں کہ وہ کس طبیعت کے مالک ہیں اور ہونے والی تبدیلیوں اور چیزوں کے بارے میں بہت گھبراتے ہیں، میں نے سوچا کہ یہ ان کے لیے بالکل بہترین ہو گا کیونکہ اس طرح وہ چیزوں کو اپنے قابو میں محسوس کریں گے اور ان کی اپنی آواز بھی برقرار رہے گی، چاہے وہ بول نہ بھی سکیں۔"**

ہمارے وسائل دیکھیں:

- معلوماتی شیٹ **7C بول چال اور مواصلت سے متعلقہ معاونت**
- معلوماتی شیٹ **7D وائس بینکنگ**
- یہاں موجود ہماری وائس بینکنگ کی اینیمیشن: **mndassociation.org/animations**

## تحریری نوٹس کی فراہمی

لوگوں کو اپنی ضروریات اور ترجیحات سمجھانے میں مدد دینے کی خاطر پیشگی تحریر شدہ نوٹس فراہم کرنا آپ کے لیے مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

آپ کی نگہداشت میں شامل تمام افراد کی مدد کرنے کے لیے ان نوٹس کو اپنی ترجیحی زبان اور انگریزی دنوں زبانوں میں رکھنا آپ کے لیے مفید ہو سکتا ہے۔ آپ کو کسی رشتہ دار، دوست یا مترجم سے مدد لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اس طرح کے نوٹس اس وقت مفید ہو سکتے ہیں جب آپ:

- اپائنٹمنٹس میں موجود ہوں
- سفر کر رہے ہوں یا اپنے عام معمول کے کام کر رہے ہوں
- سماجی تقریبات میں ہوں۔

درج ذیل مختصر سے متن آپ کے لیے مفید ہو سکتے ہیں۔

یہ انگریزی میں دیے گئے ہیں تاکہ انگریزی کے قارئین کو آپ کی ضروریات کو سمجھنے میں مدد ملے۔ حسبِ مناسبت، ان میں ایک MND اور ایک کینیڈی کے مرض کے لیے ہے۔

خالی جگہوں میں بس اپنی زبان کا نام اور رابطے کی تفصیلات شامل کریں۔

MND کے لیے:

**I find it difficult to communicate because I have motor neurone disease. I also speak in:**

اپنی ترجیحی زبان کا نام یہاں داخل کریں:

**If you cannot speak my language and need to communicate with me, my carer/relative/doctor can help. Please contact:**

منتخب کردہ تفصیلات یہاں شامل کریں:

کینیڈی کے مرض کے لیے:

**I find it difficult to communicate because I have Kennedy’s disease. I also speak in:**

اپنی ترجیحی زبان کا نام یہاں داخل کریں:

**If you cannot speak my language and need to communicate with me, my carer/relative/doctor can help. Please contact:**

منتخب کردہ تفصیلات یہاں شامل کریں:

## ایزی ریڈ

ایزی ریڈ میں تصاویر اور سادہ جملوں کا مجموعہ استعمال کیا جاتا ہے جو بڑے حروف میں لکھے ہوتے ہیں۔ یہ تب مددگار ثابت ہو سکتا ہے جب آپ:

- انگریزی میں سادہ متن پڑھنا چاہیں
- کسی موضوع کے بارے میں بنیادی حقائق کی ضرورت ہو
- آپ کو سیکھنے کی مشکلات ہوں یا سیکھنے کی مشکلات کے شکار کسی فرد کو جانتے ہوں۔

ہمارا کتابچہ دیکھیں: **موٹر نیورون کے مرض (MND) کی ایک عام فہم گائیڈ۔**

## ترجمے کی خدمات

ترجمے کی خدمات مہنگی ہو سکتی ہیں۔

اگر آپ ترجمے کے لیے ذاتی طور پر ادائیگی کرنے پر غور کر رہے ہیں، تو پہلے اپنے پیشہ ور افراد سے رہنمائی کی درخواست کریں۔

انہیں آپ کے درج ذیل ذرائع کے ذریعے انجام دیا جا سکتا ہے:

- ڈاکٹر کی سرجری
- MND کیئر سینٹر یا نیٹ ورک
- نیورولوجی سروس
- مقامی حکام یا کونسل (انگلینڈ، ویلز یا اسکاٹ لینڈ)
- مقامی صحت اور سماجی نگہداشت کا ٹرسٹ (شمالی آئر لینڈ)۔

اگر وہ براہ راست مدد نہیں کر سکتے، تو ممکن ہے کہ ان پیشہ ور افراد اور سروسز کے پاس ایسے ترجیحی سپلائرز ہوں جنہیں وہ استعمال کرتے ہوں۔ اگر وہ سفارش نہیں کر سکتے، تو ان کے پاس کچھ رہنمائی ہو سکتی ہے۔

ہماری MND ایسوسی ایشن کی ترجمہ سروس کے بارے میں جاننے کے لیے سیکشن 1 **دیگر زبانوں میں معلومات کیسے حاصل کریں** ملاحظہ کریں۔ ہماری مزید معاونت کے بارے میں سیکشن 4 **مجھے مزید معلومات کیسے ملیں گی؟** ملاحظہ کریں۔

# .4 مجھے مزید معلومات کیسے ملیں گی؟

## دیگر تنظیمیں

ہم ان تنظیموں کی توثیق نہیں کر سکتے، لیکن درج ذیل تنظیمیں آپ کو مزید معلومات کی تلاش میں مدد دے سکتی ہیں۔ ہماری MND کنیکٹ ہیلپ لائن آپ کو تنظیمیں تلاش کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔ اس سیکشن میں آگے چل کر، عنوان: ہمارا تعاون کے تحت رابطے کی تفصیلات ملاحظہ کریں۔

### Advicenow

حقوق اور قانونی مسائل پر آن لائن معلومات۔

ویب سائٹ: **advicenow.org.uk**

### Citizens Advice

قانونی، مالی اور دیگر مسائل حل کرنے کے لیے مفت، خفیہ مشورہ۔

ٹیلیفون: 0800 144 8848 (انگلینڈ)
0344 477 2020 (ویلز)

ویب سائٹ: **citizensadvice.org.uk (انگلینڈ)**
**citizensadvice.org.uk/wales (ویلز)**
**citizensadvice.org.uk/nireland (شمالی آئرلینڈ)**

### Disability Action

معذوری کے شکار لوگوں کے حقوق کے لیے کام کرنے والا شمالی آئرلینڈ کا ایک خیراتی ادارہ۔

ٹیلیفون: 028 9029 7880
ای میل: hq@disabilityaction.org
ویب سائٹ: **disabilityaction.org**

### سرکاری معلومات

فوائد اور معاونت کے بارے میں آن لائن سرکاری معلومات۔

ویب سائٹ: **gov.uk** (انگلینڈ اور ویلز)
**nidirect.gov.uk** (شمالی آئرلینڈ)
**gov.scot** (اسکاٹ لینڈ)

### NHS اور UK کی طبی نگہداشت

UK میں NHS سروسز اور طبی نگہداشت سے متعلق معلومات

ٹیلیفون: 111 (انگلینڈ، ویلز اور اسکاٹ لینڈ)
ٹرسٹس کی انفرادی ویب سائٹس پر رابطے کا صفحہ ملاحظہ کریں (شمالی آئرلینڈ)

ویب سائٹ: **nhs.uk.111** (انگلینڈ)
**wales.nhs.uk.111** (ویلز)
**hscni.net** (شمالی آئرلینڈ)
**nhs24.scot** (اسکاٹ لینڈ)

### Relay UK

قومی سروس جو سماعت اور بول چال میں مشکلات کا سامنا کرنے والے افراد کو بات چیت میں مدد کرتی ہے۔

ٹیلیفون: Relay ایپ استعمال کریں یا 0800 500 888 پر کال کریں
ویب سائٹ: **relayuk.bt.com**

## اظہارِ تشکر

ہم اپنے یوزر ریویو گروپ کے شکر گزار ہیں کہ جنھوں نے مہربانی کرتے ہوئے اپنے تجربات شیئر کیے۔

اس کتابچے کی تیاری یا نظرِثانی کے دوران، کمال مہربانی کے ساتھ اس کا جائزہ لینے پر ہم درج ذیل افراد کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں:

**روتھ گلیو (Ruth Glew)** نیٹ ورک سربراہ کوآرڈینیٹر برائے MND، موریسٹن ہاسپٹل، سوانسی، ویلز

**لیسلی جونسٹن (Lesley Johnston)** مشورہ جاتی و معلوماتی افسر، نگہداشت کنندگان شمالی آئرلینڈ

**الزبتھ راجرز (Elizabeth Rogers)** کلینکل ماہر آکیوپیشنل تھیراپسٹ، موٹر نیورون کا مرض، یونیورسٹی ہاسپٹلز آف ڈربی اینڈ برٹن NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ

**"میرے خیال سے یہ وسیلہ لوگوں کو یہ جاننے کے قابل بنائے گا کہ اضافی مدد موجود ہے اور اسے کیسے حاصل کیا جائے۔ مشکل میں نہ پڑیں اور مدد حاصل کریں۔"**

## حوالہ جات

اس دستاویز میں معاونت کے لیے استعمال شدہ حوالہ جات درخواست کرنے پر دستیاب ہیں:
ای میل: **infofeedback@mndassociation.org**

یا تحریر کریں بنام:

Information feedback,
Motor Neurone Disease Association,
Francis Crick House,
6 Summerhouse Road,
Moulton Park,
Northampton, NN3 6BJ

## مزید معلومات

ہم MND اور کینیڈی کے مرض کے بارے میں معلومات کا ایک وسیع سلسلہ پیش کرتے ہیں۔

ابتداً، ہم مختلف زبانوں میں درج ذیل وسائل پیش کر رہے ہیں۔

ہماری ترجمہ سروس کے ذریعے درخواست کردہ موضوعات کے ساتھ ساتھ دیگر موضوعات بھی درج ذیل پر دستیاب ہو سکتے ہیں:
**mndassociation.org/languages**

### معلوماتی شیٹس

1B دیگر زبانوں اور فارمیٹس میں معلومات (یہ شیٹ)

7A نگلنے میں پیش آنے والی دشواریاں

7B ٹیوب فیڈنگ

8A سانس لینے کے مسائل کے لیے معاونت

8B موٹر نیورون کے مرض کے لیے وینٹیلیشن

### کتابچے

موٹر نیورون کے مرض کا تعارف

## لنکس

دیگر زبانوں میں معلومات یہاں سے حاصل کریں: **mndassociation.org/languages**

ضرورت کے مطابق معلومات یہاں پر تلاش کریں: **mndassociation.org/careinfofinder**

پیشہ ور افراد کے لیے معلومات یہاں سے حاصل کریں: **mndassociation.org/professionals**

ہماری معلومات یہاں سے ڈاؤن لوڈ کریں: **www.mndassociation.org/publications**

ہماری MND کنیکٹ ہیلپ لائن سے پرنٹ شدہ نقول آرڈر کریں (ہمارا تعاون نامی اگلا سیکشن دیکھیں)۔

## ہمارا تعاون

ہم ہر روز موٹر نیورون کے مرض سے متاثرہ افراد کی مدد کرتے ہیں، بہتر نگہداشت کے لیے مہم چلاتے ہیں اور اہم تحقیقی کام کے لیے فنڈ دیتے ہیں۔ کیونکہ MND کے ساتھ، ہر دن معنی رکھتا ہے۔

ہم کینیڈی کے مرض سے متاثرہ افراد کی بھی مدد کرتے ہیں۔

**MND کنیکٹ**
ہماری ہیلپ لائن MND کے حامل افراد، نگہداشت کنندگان، خاندان اور پیشہ ور افراد کو عملی اور جذباتی مدد، معلومات اور مناسب رہنمائی پیش کرتی ہے۔ مزید معلومات اور موجودہ اوقاتِ کار یہاں ملاحظہ کریں:
**mndassociation.org/mndconnect**
ٹیلیفون: 0808 802 6262
ای میل: mndconnect@mndassociation.org

**معاونتی خدمات**
ہماری معاونتی خدمات کے بارے میں یہاں سے معلوم کریں:**mndassociation.org/our-services**

**مقامی اور علاقائی معاونت**
ہماری شاخوں اور گروپس کے بارے میں یہاں سے معلوم کریں: **mndassociation.org/local-support**

**MND ایسوسی ایشن کی مراعاتی مشورہ جات کی خدمت**
دعووں کی شناخت اور درخواست دینے کے طریقے کے لیے، وزٹ کریں: **mndassociation.org/benefitsadvice**
یا ہماری MND کنیکٹ ہیلپ لائن کو کال کریں۔
ٹیلیفون: 0808 802 6262

**MND ایسوسی ایشن کی ویب سائٹ اور آن لائن فورم**
ویب سائٹ: **mndassociation.org**
آن لائن فورم: **forum.mndassociation.org**

# ہم آپ کی آراء کا خیر مقدم کرتے ہیں

ہم آپ سے یہ جاننا چاہیں گے کہ آپ کے خیال میں ہم کیا کام بہتر طور پر کر رہے ہیں اور ہم MND کے شکار یا اس سے متاثرہ افراد یا کینیڈی کے مرض میں مبتلا افراد کے لیے اپنی معلومات میں کہاں بہتری لا سکتے ہیں۔

آپ کے گمنام تبصرہ جات آگاہی پیدا کرنے میں بھی مدد دے سکتے ہیں اور ہمارے وسائل، مہمات اور فنڈنگ کے لیے درخواستوں پر بھی اثرانداز ہو سکتے ہیں۔

ہماری کسی بھی معلوماتی شیٹس پر فیڈبیک دینے کے لیے، ہمارے آن لائن فورم تک یہاں سے رسائی حاصل کریں:
**1-25_smartsurvey.co.uk/s/infosheets**

آپ اس فارم کا ایک کاغذی نسخہ طلب کر سکتے ہیں یا ای میل کے ذریعے براہ راست فیڈ بیک فراہم کر سکتے ہیں:
**infofeedback@mndassociation.org**

یا تحریر کریں بنام:

Information feedback
Motor Neurone Disease Association
Francis Crick House,
6 Summerhouse Road,
Moulton Park
Northampton, NN3 6BJ

## کیا آپ ہماری معلومات کے یوزر ریویو میں مدد کرنا چاہیں گے؟

اگر آپ MND یا کینیڈی کے مرض کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں یا ایسے فرد کے نگہداشت کنندہ ہیں، تو ہم سے درج ذیل پر رابطہ کریں: **infofeedback@mndassociation.org**

© MND Association, 2026

Motor Neurone Disease Association
Francis Crick House,
6 Summerhouse Road,
Moulton Park
Northampton, NN3 6BJ

ٹیلیفون: 01604 250505
ای میل: enquiries@mndassociation.org
ویب سائٹ: mndassociation.org

رجسٹر شدہ چیریٹی نمبر 294354

نظرثانی شدہ: جنوری 2026
اگلا جائزہ: فروری 2028
ورژن: 1

MND Association